ماڈیول ۱

حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنی

حدیث کے لغوی معنی" نئی بات "کے ہیں۔ لفظ حدیث عربی میں نئی گفتگو یا واقعہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اصطلاحی طور پر محدّثین کے نزدیک حدیث اس قول، فعل، تقریر یا صفت کو کہا جاتا ہے جس کی نسبت نبی اکرم ﷺ کی طرف کی گئی ہو۔ نبی اکرم ﷺ کے الفاظ، اعمال، کسی فعل پر خاموشی اور آپ کے اوصاف حدیث میں شامل ہیں۔

قول، فعل، تقریر اور صفت کی وضاحت

قول سے مراد نبی اکرم ﷺ کے وہ الفاظ ہیں جو آپ نے ارشاد فرمائے۔ فعل سے مراد آپ کے وہ اعمال ہیں جو صحابہ نے دیکھے اور ہمیں منتقل کیے۔ تقریر کا مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے کوئی بات یا کام کیا گیا اور آپ نے اس پر خاموشی اختیار کی، جس کا مطلب ہے کہ وہ بات یا کام درست تھا۔ صفت سے مراد نبی اکرم ﷺ کے جسمانی اور اخلاقی اوصاف ہیں جو صحابہ نے بیان کیے۔

سنت اور حدیث کا فرق

حدیث اور سنت محدثین کی اصطلاح میں ایک ہی مفہوم رکھتے ہیں، یعنی نبی اکرم ﷺ کے اقوال، اعمال، تقریر اور صفات۔ تاہم فقہا کے نزدیک سنت اس حکم کو کہا جاتا ہے جو فرض اور واجب کے برخلاف ہو۔ سنت کا مطلب وہ عمل ہے جو فرض نہیں لیکن اس پر عمل کرنا بہتر ہے۔

سنداور متن

حدیث کے دو حصے ہوتے ہیں: سنداور متن۔ سند سے مراد وہ سلسلہ ہے جس کے ذریعے حدیث ہمیں پہنچی، یعنی راویوں کا سلسلہ۔ متن وہ الفاظ ہیں جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمائے۔ سند حدیث کی مستند حیثیت کو ظاہر کرتی ہے جبکہ متن وہ اصل الفاظ ہیں جو نبی اکرم ﷺ سے منسوب ہیں۔

صحابی اور تابعی کی تعریف

صحابی ہر اس مسلمان کو کہا جاتا ہے جس نے نبی اکرم ﷺ کی زندگی میں اسلام قبول کیا، آپ سے ملاقات کی اور اسلام پر ہی فوت ہوا۔ تابعی وہ شخص ہے جس نے صحابہ کو پایا، ان سے ملاقات کی اور حالتِ اسلام میں فوت ہوا۔

حدیث اور خبر کا فرق

حدیث نبی اکرم ﷺ کے اقوال، اعمال، تقریر اور صفات کو کہا جاتا ہے، جبکہ خبر عام مفہوم میں کسی بھی واقعہ یا بات کو کہا جاتا ہے، چاہے وہ نبی اکرم ﷺ سے ہو یا کسی اور سے۔

محدث اور مؤرخ میں فرق

نبی ﷺ کے احادیث اور تاریخی واقعات کے لیے دو اصطلاحیں استعمال ہوتی ہیں: محدث اور مؤرخ۔

محدث اُس شخص کو کہا جاتا ہے جو علمِ حدیث میں مشغول رہتا ہے۔ وہ احادیث کی تحقیق کرتا ہے، انہیں یاد کرتا ہے، تشریحات لکھتا ہے، اور احادیث کی تالیف میں مصروف رہتا ہے۔

مؤرخ وہ شخص ہے جو تاریخی واقعات کو نقل کرتا ہے، جیسے کہ انبیاء، صحابہ، اور تابعین کے واقعات اور اقوال۔

اثر اور حدیث میں فرق

اثر کا لفظ اُن اقوال اور افعال کے لیے استعمال ہوتا ہے جو نبی ﷺ کے بعد صحابہ اور تابعین کے ہیں۔

جب نبی ﷺ کے بعد کسی کا قول یا عمل ہوتا ہے، تو اُسے اثر کہا جاتا ہے۔ حدیث نبی ﷺ کے اقوال اور افعال کے لیے ہے، جبکہ اثر اُن لوگوں کے اقوال اور افعال کے لیے ہے جو آپ ﷺ کے بعد آئے۔

حدیث کی حجیت

حدیث کی حیثیت قرآن کی طرح حجت ہے۔ جس طرح قرآن پر عمل کرنا فرض ہے، اُسی طرح حدیث پر بھی عمل کرنا واجب ہے۔

حدیث سے بھی عقائد، عبادات اور احکام ثابت ہوتے ہیں۔ قرآن اور حدیث دونوں وحی ہیں اور دونوں پر عمل ضروری ہے۔

جیسے قرآن کی ایک بھی آیت کا انکار کرنا کفر ہے، ویسے ہی ایک بھی صحیح حدیث کا انکار کرنا کفر ہے۔

اللہ نے نبی ﷺ کے بارے میں فرمایا کہ آپ ﷺ اپنی مرضی یا اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہتے۔

جو کچھ بھی آپ ﷺ فرماتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے وحی ہوتی ہے۔ قرآن حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے نازل ہوا، اور حدیث نبی اکرم ﷺ کے دل میں ڈالی گئی۔

قرآن اور حدیث کا تعلق

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ مجھے قرآن دیا گیا اور اس کے ساتھ اس جیسی ایک اور چیز یعنی حدیث بھی دی گئی۔ قرآن اور حدیث کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا، دونوں دین کی بنیاد ہیں۔

Hadith ka Lughwi aur Istilahhi Ma’ni

Hadith ke lughwi ma’ni "nayi baat" ke hain. Lafz hadith Arabi mein nayi guftagu ya waqia ke liye istemal hota hai. Istilahhi tor par muhaddiseen ke nazdeek hadith us qoul, fi’l, taqreer ya sifat ko kaha jata hai jis ki nisbat Nabi Akram ﷺ ki taraf ki gayi ho. Nabi Akram ﷺ ke alfaaz, aamaal, kisi fi’l par khamoshi aur aap ke o’saaf hadith mein shaamil hain.

Qoul, Fi’l, Taqreer aur Sifat ki Wazahat

Qoul se muraad Nabi Akram ﷺ ke wo alfaaz hain jo aap ne irshad farmaye. Fi’l se muraad aap ke wo aamaal hain jo sahaba ne dekhe aur humein muntakil kiye. Taqreer ka matlab ye hai ke Nabi Akram ﷺ ke samne koi baat ya kaam kiya gaya aur aap ne is par khamoshi ikhtiyar ki, jis ka matlab hai ke wo baat ya kaam durust tha. Sifat se muraad Nabi Akram ﷺ ke jismaani aur ikhlaaqi o’saaf hain jo sahaba ne bayan kiye.

Sunnat aur Hadith ka Farq

Hadith aur sunnat muhaddiseen ki istilah mein ek hi mafhoom rakhte hain, ya’ni Nabi Akram ﷺ ke aqwaal, aamaal, taqreer aur sifaat. Haan, fuqaha ke nazdeek sunnat us hukum ko kaha jata hai jo farz aur wajib ke baraks ho. Sunnat ka matlab wo amal hai jo farz nahi lekin is par amal karna behtar hai.

Sanad aur Matan

Hadith ke do hissay hote hain: sanad aur matn. Sanad se muraad wo silsila hai jis ke zariye hadith humein pohanchi, ya’ni rawaion ka silsila. Matan wo alfaaz hain jo Nabi Akram ﷺ ne irshad farmaye. Sanad hadith ki mustanad haisiyat ko zahir karti hai jabke matn wo asal alfaaz hain jo Nabi Akram ﷺ se mansoob hain.

Sahabi aur Tabi’i ki Tareef

Sahabi har us musalman ko kaha jata hai jis ne Nabi Akram ﷺ ki zindagi mein Islam qabool kiya, aap se mulaqat ki aur Islam par hi wafaat paayi. Tabi’i wo shakhs hai jis ne sahaba ko paya, un se mulaqat ki aur haalat-e-Islam mein wafaat paayi.

Hadith aur Khabar ka Farq

Hadith Nabi Akram ﷺ ke aqwaal, aamaal, taqreer aur sifaat ko kaha jata hai, jabke khabar aam mafhoom mein kisi bhi waqia ya baat ko kaha jata hai, chahe wo Nabi Akram ﷺ se ho ya kisi aur se.

Muhaddith aur Muarikh me Farq

Nabi ﷺ ke ahadith aur tareekhi waqiat ke liye do istilahen istimal hoti hain: Muhaddith aur Muarikh. Muhaddith us shakhs ko kaha jata hai jo ilm-e-hadith mein mashghool rehta hai. Woh ahadith ki tahqeeq karta hai, unhein yaad karta hai, tashreehat likhta hai, aur ahadith ki ta'leef mein masroof rehta hai. Muarikh wo shakhs hai jo tareekhi waqiat ko naql karta hai, jaise ke anbiya, sahaba, aur tabi'een ke waqiat aur aqwal.

Asar aur Hadith me Farq

Asar ka lafz un aqwal aur afaal ke liye istemal hota hai jo Nabi ﷺ ke baad sahaba aur tabi'een ke hain. Jab Nabi ﷺ ke baad kisi ka qawl ya amal hota hai, to usay asar kaha jata hai. Hadith Nabi ﷺ ke aqwal aur afaal ke liye hai, jabke asar un logon ke aqwal aur afaal ke liye hai jo aap ﷺ ke baad aaye۔

Hadith ki Hujiyat

Hadith ki haisiyat Quran ki tarah hujjat hai. Jis tarah Quran par amal karna farz hai, usi tarah hadith par bhi amal karna wajib hai. Hadith se bhi aqaaid, ibaadat aur ahkaam sabit hote hain. Quran aur hadith dono wahi hain aur dono par amal zaroori hai.Jaise Quran ke ek bhi ayat ka inkaan karna kufar hai, waise hi,ek bhi sahih hadith ka inkar karna kufar hai.Allah ne Nabi ﷺ ke baare mein farmaya ke aap ﷺ apni marzi ya apni taraf se koi baat nahi kehte.Jo kuch bhi aap ﷺ farmate hain, woh Allah ki taraf se wahi hoti hai.Quran hazrat Jabril alia salam kay zariye nazil howa aur hadith Nabi Akram ﷺ kay kay dil me dala hai.

Quran aur Hadith ka Talluq

Nabi Akram ﷺ ne farmaya ke mujhe Quran diya gaya aur is ke sath is jaisi ek aur cheez ya'ni hadith bhi di gayi. Quran aur hadith ko ek doosre se juda nahi kiya ja sakta, dono deen ki buniyad hain.